Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴ مطبوعہ بروز شنبہ بتاریخ یکم شوال المکرم ۱۳۵۴ھ مطابق ۲۸ دسمبر ۱۹۳۵ء جلد ۲۴

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	رہائی قیدی علی رضا خاں ولد محمد رضا خاں، ساکن محلہ گھیر بازار	۲	۴	تعیین تاریخ نشست کمیٹی واضع قوانین ۹ لغایہ ۲۳ جنوری سنہ ۱۹۳۶ء	۲
۲	انتخاب عبد الرحمن خاں ایم۔ اے۔ برائے ٹریننگ عہدہ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس	۲	۵	منظوری استعفا رکنیت کپتان صاحبزادہ سید اصغر علیخاں بہادر (کمیٹی نائٹ فرسٹ رامپور رضا انفنٹری)	۳
۳	عطائے اجازت ثبت دستخط بر ڈپٹی سکریٹری صاحب دار الانشاء (متعلقہ عالیجناب صاحب منسٹر بہادر)		۶	منظوری توضیح دفعہ ۳۸ حرف (ح) - (قواعد فرش)	

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

۷	منظوری فہرست تعطیلات برائے سال سنہ ۱۹۳۶ء	۴

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

۸	منظوری رخصت سپرنٹنڈنٹ صاحب ٹیلیفون	۵

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگانِ حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار
واقع ۱۵ر دسمبر ۱۹۳۵ء

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

کاغذات متعلقہ ملاحظہ ہوئے حسب استدعائے عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر توضیح دفعہ (۲۸) حرف (د) قواعد پنشن مصرحہ عرضداشت کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض می‌رساند

جناب عالی

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۷ر دسمبر ۱۹۳۵ء میں تجویز عالیجناب صاحب فائنانس منسٹر بہادر دربابت منظوری توضیح دفعہ (۲۸) حرف (د) قواعد پنشن بصراحت ذیل پیش ہوئی:-

"ملازمان جو قبل از نفاذ قانون پنشن تخفیف ہوئے ہوں بعد یکم مئی ۱۹۳۰ء کے بعد ملازمت قابل پنشن میں داخل ہوں تو ان کی غیر حاضری ملازمت میں وقفہ شمار کیجائیگی اور سابقہ ملازمت۔ جدید ملازمت قابل پنشن میں بدوں منظوری کونسل شامل نہ کیجائے گی۔"

تجویز ہوا کہ:-

بابت منظوری توضیح مصرحہ بالا بحضور عالی میں گذارش کیا جائے۔ بنابران ترخیص دست بستہ ہے کہ حکم منظوری توضیح حضور انور سے شرف نفاذ فرمائے۔ زیادہ حد ادب۔

دولت و اقبال جاوید باد۔ عرضی

فدوی [illegible] ثبت چیف منسٹر

حسب منشاء حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۱۵ر دسمبر ۱۹۳۵ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار
واقع ۲۲ر دسمبر ۱۹۳۵ء

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بسلسلہ تقریب جشن سالگرہ ہر ہائینس بیگم صاحبہ علی رضا خاں ولد محمد رضا خاں قیدی ساکن محلہ گھیر ملا غیرت مجرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور کو بمعافی بقیہ قید جیل سے رہا کیا جانا منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ اصل روبکار بعد اجرائے احکام صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر جیل کے پاس بھیجا جائے۔

روبکار
واقع ۲۲ر دسمبر ۱۹۳۵ء

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم

کاغذات انتخاب امیدوار برائے ٹریننگ عہدہ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس ملاحظہ ہوئے۔ ما بدولت و اقبال نے امیدواران کو ملاحظہ فرمایا۔ ان امیدواران میں سب سے زیادہ مناسب و موزوں عبدالرحمٰن خاں ایم۔ اے معلوم ہوتے ہیں۔ بربنائے تجویز صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کونسل نے بھی انکی سفارش کی ہے۔ لہذا عہدہ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کی ٹریننگ کیلئے عبدالرحمٰن خاں کے انتخاب کی منظوری دیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک

گزٹ کیا جائے۔ نقل مسل عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس بھیجدی گئی۔

روبکار

واقع ۲۳ دسمبر ۱۹۳۵ء

دستخطی اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

عرضداشت مسلکہ ملاحظہ ہوئی جسب استدعا عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر دارالانشاء کے سمن وغیرہ و دیگر عمل کا عدالت پر ڈپٹی سکریٹری دارالانشاء کو بجائے چیف منسٹر دستخط کرنیکی اجازت دیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے

روبکار

واقع ۱۴ دسمبر ۱۹۳۵ء

دستخطی اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

کاغذات مسلکہ ملاحظہ ہوئے حسب استدعاے عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کمیٹی وضع قوانین کے جلسوں سے لئے ۱۸ جنوری سے ۲۳ جنوری ۱۹۳۶ء تک تواریخ مقرر کیا جانا منظور ہے۔ [illegible] عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل

صاحب سکریٹری بہادر کمیٹی وضع قوانین کی خدمت میں مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲۰ دسمبر ۱۹۳۵ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار

واقع ۱۹ دسمبر ۱۹۳۵ء

دستخطی اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

کاغذات مسلکہ ملاحظہ ہوئی حسب رپورٹ عالیمرتبت آرمی منسٹر بہادر کپتان صاحبزادہ سید اصغر علیخان جیلانی کا نام فہرست رامپور رضا انفنٹری کا استعفا منظور ہے۔ چونکہ خود استعفا دیا ہے اسلئے تنخواہ نہیں ملیگی۔ نیز وہ ایک سال سے متواتر بغیر اجازت عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر کی چھٹی میں آکر رخصت دیکھالت عدم منظوری رخصت ترک ملازمت استدعا کرتے ہیں۔ یہ حرکت قانون فوج کے خلاف ہے اور اصول فوج کے مطابق انکا کورٹ مارشل ہونا ہے۔ لہذا وہ انعام و پنشن وغیرہ کے بھی مستحق نہیں ہونگے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور آرڈر جاری کیا جائے۔

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل واقع ۲۲ دسمبر ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسۂ غیر معمولی منعقدہ ۱۹ دسمبر ۱۹۳۵ء میں نقشۂ تعطیلات برائے سال ۱۹۳۶ء پیش ہو کر طے پایا کہ:-

بایزادی تعطیل ایک یوم عید الفطر تعطیلات مندرجہ نقشۂ منسلکہ کی برائے سال ۱۹۳۶ء منظوری دیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

نقشہ تعطیلات ریاست رامپور بابت سال ۱۹۳۶ء

(۱) تعطیلات مندرجہ ذیل جملہ محکمہ جات ریاست کے لئے اجلاس اسٹیٹ کونسل سے منظور فرمائی گئی ہیں۔

(۲) چاند گرہن جس شب کو ہو بروز آئندہ اور سورج گرہن جس دن ہو اسی دن تعطیل ہوگی۔

(۳) علاوہ تعطیلات مندرجہ ذیل معمولی تعطیل بروز جمعہ ہفتہ وار ہوا کریگی۔

(۴) تعطیلات مندرجہ ذیل میں بلا ضرورت خاص کے تجارت کی ضرورت نہ ہوگی لیکن کوئی عدالت [illegible] کو [illegible] ہے۔

(۵) تعطیلات بہ حیثیت کار سرکار مقدم متصور ہوگا۔

(۶) رویت ہلال کے مقدم مؤخر ہونے سے تعطیل میں ترمیم ہوسکیگی۔

دستخط ڈپٹی سکریٹری صاحب [illegible]

نمبر شمار	نام تعطیل	تاریخ ہجری	تاریخ انگریزی	تاریخ ہندی	دن تعطیل	تعداد ایام	کیفیت
۱	نیو ایرس ڈے	۵ شوال ۱۳۵۴ھ	یکم جنوری ۱۹۳۶ء	پوس سدی [illegible] ۱۹۹۲	چہار شنبہ	۱	
۲	چاند گرہن	۱۳ "	۹ جنوری "	ماہ بدی پڑوا	پنجشنبہ	۱	
۳	بسنت پنچمی	۳ ذیقعدہ	۲۸ جنوری "	ماگھ سدی پنچمی	سہ شنبہ	۱	
۴	شیوراتری	۲۶ " "	۲۰ فروری "	پھاگن بدی تیرس	پنجشنبہ	۱	
۵	یوم مبارک حج	۹ ذی الحجہ	۴ مارچ "	پھاگن سدی [illegible]	چہار شنبہ	۱	
۶	عید الاضحیٰ	۱۰ ذی الحجہ	۵ لغایت ۷ مارچ "	پھاگن سدی [illegible]	پنجشنبہ تا شنبہ	۳	
۷	ہولی	۱۳ ذی الحجہ	۸ و ۹ مارچ "	چیت بدی پڑوا	یکشنبہ و دوشنبہ	۲	
۸	عید غدیر	۱۸ ذی الحجہ	۱۳ مارچ "	چیت بدی پنچمی	جمعہ	۱	
۹	محرم الحرام	یکم تا ۱۳ محرم ۱۳۵۵ھ	۲۵ مارچ لغایت ۶ اپریل	چیت سدی [illegible] ۱۹۹۳	چہار شنبہ تا دوشنبہ	۱۳	
۱۰	چہلم	۲۰ صفر	۱۲ مئی "	جیٹھ بدی [illegible]	سہ شنبہ	۱	
۱۱	بارہ وفات شریف	۱۲ ربیع الاول	۳ جون "	جیٹھ سدی ترودشی	چہار شنبہ	۱	
۱۲	سالگرہ ملک معظم	.	.	.	.		تاریخ [illegible]
۱۳	ولادت حضرت [illegible]	۱۷ ربیع الاول	۸ جون "	اساڑھ بدی [illegible]	دوشنبہ	۱	
۱۴	سورج گرہن	۲۸ ربیع الاول	۱۹ جون "	اساڑھ بدی اماوس	جمعہ	۱	
۱۵	چاند گرہن	۱۵ ربیع الثانی	۵ جولائی "	ساون بدی پڑوا	یکشنبہ	۱	
۱۶	سلونو	۱۴ جمادی الاول	۳ اگست "	ساون سدی پورنماشی	دوشنبہ	۱	
۱۷	جنم اشٹمی	۲۱ جمادی الاول	۱۰ اگست	بھادوں بدی اشٹمی	یکشنبہ	۱	
۱۸	ولادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام	۱۳ رجب	۳۰ ستمبر "	بھادوں سدی پورنماشی	چہار شنبہ	۱	
۱۹	درگا اشٹمی	۷ شعبان	۲۴ اکتوبر "	کنوار سدی اشٹمی	شنبہ	۱	
۲۰	دسہرہ	۹ شعبان	۲۵ اکتوبر "	کنوار سدی دسمی	یکشنبہ	۱	
۲۱	شب برات	۱۴ شعبان	۳۰ اکتوبر "	کاتک بدی پڑوا	شنبہ	۱	
۲۲	ولادت صاحب الامر علیہ السلام	۱۵ شعبان	یکم نومبر "	کاتک بدی دوج	یکشنبہ	۱	
۲۳	دیوالی	۲۹ شعبان	۱۴ و ۱۵ نومبر "	کاتک بدی اماوس	شنبہ و یکشنبہ	۲	
۲۴	سالگرہ حضرت [illegible]	۳ رمضان	۱۷ نومبر "	کاتک سدی [illegible]	سہ شنبہ	۱	
۲۵	سالگرہ نواب ولیعہد بہادر	۷ رمضان	۲۲ نومبر "	کاتک سدی [illegible]	یکشنبہ	۱	
۲۶	گنگا اشنان	۱۳ رمضان	۲۸ نومبر "	کاتک سدی پورنماشی	شنبہ	۱	
۲۷	شہادت حضرت امیر علیہ السلام	۱۹ رمضان	۳ لغایت ۵ دسمبر "	اگہن بدی [illegible]	پنجشنبہ تا شنبہ	۳	
۲۸	سالگرہ [illegible]	۲۵ رمضان	۱۰ دسمبر "	اگہن بدی [illegible]	پنجشنبہ	۱	
۲۹	عید الفطر	یکم شوال	۱۶ لغایت ۱۸ دسمبر "	اگہن سدی [illegible]	چہار شنبہ تا جمعہ	۳	
۳۰	یوم کلاں	۱۰ شوال	۲۵ و ۲۶ دسمبر "	اگہن سدی [illegible]	جمعہ و شنبہ	۲	

[illegible]

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

حکم واقع ۲۲ر دسمبر ۱۹۳۵ء

حسب تحریر عالیجناب صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر سپرنٹنڈنٹ صاحب ٹیلیفون کی رخصت رعایتی بارہ یوم (۱۲) از ۲۲ر دسمبر ۱۹۳۵ء تا ۲ر جنوری ۱۹۳۶ء حسب استحقاق معہ قد اکاؤنٹ آفس بذمہ داری انسپکٹر ٹیلیفون منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ بعد اجرائے احکام مسل کاغذات اسٹیٹ کونسل میں پیش ہوں۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر